# 09-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی حکومت نے اے پی کے دارالحکومت امراوتی اور حیدرآباد کو مربوط کرنے کے لئے گرین فیلڈ ایکسپریس وے کی تعمیر کو منظوری دی ہے۔

۲۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی قیمتوں میں اضافہ کو فی الفور واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

۳۔ آر بی آئی کی مالیاتی پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریپوریٹ میں 25 بنیادی پوائنٹس کم کرنے کا اعلان کیا ہے جس سے یہ کم ہو کر 6 پوائنٹس ہوگئی۔

اور

۴۔مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ کسانوں اور دیہی علاقوں کے کمزور طبقات کو ذہن میں رکھتے ہوئے پالیسیاں بنائی جانی چاہیئے۔

## WEATHER:

تلنگانہ میں مختلف مقامات پر آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ 7 دن کے دوران ریاست بھر میں کہیں کہیں ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی ہوسکتی ہے۔ ریاست میں آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دھیرے دھیرے دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر بارش ہوئی جبکہ ضلع نظام آباد میں کل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ج 39.8 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

## CONDOLENCES:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ٹاملناڈو کانگریس پارٹی کے سینئر لیڈر و سرکردہ مصنف کماری انن تھن (ہری کرشنن ندرانن تھن) کی موت پر گہرے دکھ اظہار کیا ہے۔ وہ تلنگانہ کی سابق گورنر تملی سائی سوندرا راجن کے والد تھے۔ 93 سالہ انن تھن نے عمر سے متعلق علالت کی بنا پر آج چینائی کے ایک خانگی دواخانہ میں آخری سانس لی۔ ریونت ریڈی نے اس بات کو یاد کیا کہ کمار انن تھن نے چار مرتبہ رکن اسمبلی اور ایک مرتبہ ممبر آف پارلیمنٹ کی حیثیت سے عمدہ خدمات انجام دیں۔

SLBC:

ضلع ناگرکرنول کے علاقہ دوملہ پنٹا میں واقع سری سیلم لیفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) سرنگ میں جاری راحتی آپریشن میں شدت پیدا کردی گئی ہے جیسا کہ لوکوٹرین ٹریک کے لئے بحالی کے کام شروع کردئے گئے ہیں۔اس سرنگ میں 8 مزدور پھنس گئے تھے جبکہ اب تک صرف دولاشیں برآمد ہوئی ہیں۔جنہیں ان کے افرادِخاندان کے حوالہ کردیا گیا ہے۔ مابقی چھ ورکرس کی باقیات کو ڈھونڈنے کے لئے عہدیداروں کی جانب سے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں جن میں تیزی پیدا کردی گئی ہے۔ ایس ایل بی سی ٹنل کے اسپیشل آفیسر شیوشنکر نے اِس آپریشن میں شامل سینئر عہدیداروں کے ساتھ آج ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔

CABINET BRIEFING:

مرکزی حکومت نے آندھراپردیش اور ٹاملناڈو میں تروپتی۔ پکالا۔کٹ پڑی سنگل ریلوے لائن کو دہرا کرنے کو منظوری دے دی ہے۔کابینی اجلاس میں اِس سلسلہ میں کئے گئے فیصلہ کے تعلق سے آج نئی دہلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس پروجیکٹ سے ویلور اور تروپتی جیسے بڑے تعلیمی وطبی مراکز سے رابطہ کو مزید بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ویشنو کے مطابق آندھراپردیش کے اضلاع چتور اور تروپتی کے علاوہ ٹاملناڈو کے ضلع ویلور کو اس پروجیکٹ سے فائدہ پہنچے گا۔وزیر نے مزید کہا کہ مختلف اشیاء جیسے کوئلہ، زرعی آلات، سیمنٹ اور دیگر معدنیات کے حمل و نقل کے لئے یہ ایک اہم روٹ رہے گی۔

Sound Byte Vaishanaw

HMRL:

ریاستی حکومت نے این وی ایس ریڈی کو حیدرآباد میٹرو ریل لمیٹڈ اور حیدرآباد ایرپورٹ میٹرلمیٹڈ کے مینیجنگ ڈائرکٹر کے عہدہ پر برقرار رکھا ہے۔ یہ فیصلہ ایسے وقت کیا گیا جب میٹرو ریل پروجیکٹ کا دوسرا مرحلہ ایک اہم مرحلہ میں ہے۔این وی ایس ریڈی مزید ایک سال تک اس عہدہ پر برقرار رہیں گے۔ان کی تازہ میعاد یکم اپریل سے شروع ہوئی ہے۔

DCA:

ڈرگس کنٹرول ایڈمنسٹریشن (ڈی سی اے) تلنگانہ نے ضلع ملگو کے منڈل تڑوائی کے موضع میڈارم میں ایک غیرلائسنس یافتہ کلینک پر کل دھاوا کیا اور فروخت کے لئے ذخیرہ کردہ غیرقانونی دواؤں کو ضبط کرلیا۔ایک باوثوق اطلاع پر حرکت میں آتے ہوئے ڈی سی آئی کے عہدیداروں نے گرم منوج نامی ایک شخص کے گھر پر دعویٰ کیا جو بغیر کسی مناسب طبی اہلیت کے پریکٹس کررہا تھا۔اس آپریشن کے دوران دواؤں کی 35 اقسام بشمول اینٹی بائیوٹکس، اسٹے رائیڈس اور دیگر اشیاء ضبط کی گئیں۔

EXPRESSWAY:

مرکزی حکومت نے آندھراپردیش تنظیم جدید قانون کے تحت طویل عرصہ سے زیرالتوا ایک معاملہ کوحل کرنے کے لئے اہم فیصلہ کیا۔اے پی کے دارالحکومت امراوتی اور حیدرآباد کے درمیان گرین فیلڈ ایکسپریس وے کی تعمیر کومنظوری دے دی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق مرکزی وزارتِ داخلہ نے اس اہم پروجیکٹ کیلئے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔اس فیصلہ سے دونوں ریاستوں پرمثبت اثرات پڑیں گےاور مسافرین اورتاجرین کوکافی سہولت ہوسکتی ہے۔

IPL - CRICKET:

آئی پی ایلT20 کرکٹ میں آج شام احمدآباد کے نریندرمودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس اور راجستھان رائلس کے درمیان میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ ساڑھے سات بجے شام سے شروع ہوگا۔ کل شب چندی گڑھ میں کھیلے گئے میچ میں پنجاب کنگس نے چینائی سوپرکنگس کو18 رن سے شکست دی۔

RBI - POLICY:

ریزرو بینک آف انڈیا کی مالیاتی پالیسی کمیٹی نے مسلسل دوسری مرتبہ پالیسی شرحوں میں کمی کرتے ہوئے آج متفقہ طور پر پالیسی ریپوریڈ میں 25 بنیادی پوائنٹس میں کمی کرنے کا اعلان کیا ہے۔اس طرح یہ اب کم ہوکر6 پوائنٹس ہوگئی ہے۔مالی سال 26-2025ءکیلئے پہلی مالیاتی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا کہ سی پی آئی افراط زرتوقع ہے کہ سال بھرتک چار فیصدرہے گا جبکہ سالانہ جی ڈی پی شرح پرنظرثانی کرتے ہوئے6.5 فیصد کی گئی ہے۔

JAGADISH:

سابق وزیروبی آر ایس ایم ایل اے جگدیش ریڈی نے اے پی کے وزیراعلیٰ چندرابابونائیڈو کے دباؤ میں آکر دریاؤں کے پانی کا اہم حصہ آندھراپردیش دئے جانے پر کانگریس حکومت کوتنقید کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ چندرابابو نائیڈو برائے راست تلنگانہ پرحکمرانی کررہے ہیں اور ریاست کے امور کواپنے قبضہ میں لئے ہوئے ہیں جبکہ ریونت ریڈی اوران کے وزرا دولت کمانے میں مصروف ہیں اور پینے کے پانی کی کمی کے بحران سے نمٹنے کے بجائے اپنی ناکامیوں کو چھپا رہے ہیں۔ تلنگانہ بھون میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جگدیش ریڈی نے کہا کہ ناگرجناساگر پروجیکٹ کے لئے حال ہی میں ضلع ملگ یونٹ سے سی آر پی ایف بٹالین کی حالیہ تبدیلی سے اہم آبپاشی پروجیکٹس پرآندھراپردیش کا قبضہ ہوگیا ہے۔

KTR:

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے پٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی قیمتوں میں کئے گئے اضافہ کو فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پٹرولیم کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری کو لکھے گئے ایک خط میں کے ٹی آر نے مرکز کی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود عوام پر مالی بوجھ ڈالنے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے مختلف مما لک جیسے بھوٹان، پاکستان اور یہاں تک کے بحران سے دوچار سری لنکا کے مقابلہ میں ہندوستان میں تیل کی زائد قیمتوں کو اجاگر کرتے ہوئے حکومت پر الزام عائد کیا کہ تلنگانہ جیسی ریاستوں کے اثاثوں کا غلط استعمال کر رہی ہے۔ کے ٹی آر نے تیل کے ٹیکس اور آمدنی کی تفصیلات کے تعلق سے ایک وائٹ پیپر جاری کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

POLICE:

حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند نے آج منتظمین سے اپیل کی ہے کہ 12 اپریل کو سری ویرا ہنومان وجئے یاترا کے دوران ڈی جے سسٹم کے استعمال سے باز رہیں۔ کمشنر نے مختلف سرکاری عہدیداروں اور یاترا کے منتظمین کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا اور ہنومان جینتی کے ضمن میں کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ اجلاس آج کوٹھی میں واقع عثمانیہ میڈیکل کالج آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ سی وی آنند نے منتظمین پر زور دیا کہ جلوس میں کسی بھی اجنبی کو دیکھنے پر مقامی پولیس کو اطلاع دی جائے اور احتیاطی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ یاترا کے لئے حیدرآباد سٹی پولیس کی جانب سے 17 ہزار پولیس ملازمین کے علاوہ زائد مسلح فورسس کو متعین کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر آفس میں ایک جوائنٹ کنٹرول روم بھی قائم کیا جائے گا۔

GADKARI - KISAN KUMBH:

روڈ ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ دیہی علاقوں پر توجہ رکھتے ہوئے پالیسیاں بنانا چاہئے تاکہ ملک میں دیہی مقامات سے نقل مقامی کرنے والوں کی تعداد میں کمی ہو۔ نئی دہلی میں کسان کمبھ 2025ء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پالیسیوں کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ کسانوں اور دیہی علاقوں کے کمزور افراد کو فائدہ پہنچ سکے۔

OO